<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> یہ جو نکتہ یہاں پر لائے ہیں، منسٹر صاحب سے بھی ہم نے سنا ہے، قابل منسٹر ہیں ہمارے تو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی اسرار اللہ خان۔ یہ ایڈوکیٹ جنرل صاحب کہاں ہیں؟ ایڈوکیٹ جنرل صاحب کہاں ہیں؟ یہ زیادتی ہے، میں نے تین چار دن پہلے ان سے کہا تھا کہ اس دن موجود ہونا ضروری ہے۔ اسمبلی سٹاف کو کہیں کہ ان کو Call کر دے۔ انہیں موجود ہونا چاہیئے۔ جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور:</u> شکریہ، سر۔ اس ضمن میں میری یہ گزارش ہے کہ ممبر صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے، وہ Basically a time period جو کہ اگر Illegal تصور ہو گا تو کیا اسمبلی کی یہ پاور ہے؟ اور وہ تو Exist ہی نہیں کرتا کیونکہ وہ 14 کو Lapse ہو رہا ہے۔ یہ پانچ دن کا جو Gap آئے گا، اس کی Legislation اور دوسرا سر، انہوں نے آپ سے رولنگ مانگی ہے تو میری سر، آپ سے یہ درخواست

ہو گی کہ پانچ دن تو Already اس Legislation میں Gap آ رہا ہے۔ بجائے اس کے کہ آپ ایک غلط رولنگ Haphazardly دیں اور ایڈوکیٹ جنرل صاحب بھی نہیں ہیں تو مہربانی کرکے اپنی رولنگ Reserve کرلیں اور فی الحال Legislation کو Defer کر دیں۔ In the mean while آپ اس پر صلاح مشورہ کرکے دوبارہ اس کو اسمبلی میں لائیں۔

<u>وزیر قانون:</u> نہیں جی، میرا خیال ہے کہ اس میں کوئی رولنگ کی بات نہیں ہے۔ یہ رول 111 جو ہے، ہماری اسمبلی کے جو رولز آف بزنس ہیں، اس کے تحت جو ہے، یہ Decision of the whole parliament ساری پارلیمنٹ کا، Majority کا Decision ہو گا Whether they want to approve or disapprove? تو رولنگ تب آئے گی جب ایوان سے اس میں Opinion آ جائے گی، جب Decision of the Assembly is communicated, اس کے بعد جو ہے، اس کے مطابق آپ پھر رولنگ دینگے جی، Independently اس کے اوپر کوئی رولنگ نہیں ہے، سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، اس پر میں ایک اور بھی، عبدالاکبر خان، پہلے میں ایک اور بات پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ اگر اس آرڈیننس کی عمر ختم ہے جس طرح آپ کا Claim ہے، تو پھر اس کا Disapproval notice بھی ختم ہوتا ہے چونکہ جب آرڈیننس نہیں ہے تو پھر Disapproval ہم کہاں سے لا سکتے ہیں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، Disapproval تو میں نے ایک تو Retrospective effect کو دی ہے کیونکہ اس آرڈیننس کی بنیاد جو ہے سر، یہ Legislation کا، جو آرڈیننس کا اختیار ایگزیکٹیو کو تین مہینے کیلئے دیا گیا ہے، اس کے پیچھے کوئی مقصد ہوتا ہے۔ وہ مقصد یہ ہے کہ اگر Immediate action کی آپ کو ضرورت پڑتی ہے تو You will have to take immediate action۔ اب اگر سر، میں اس طرح Pretend کروں کہ آج حکومت بغیر کسی قانون کے یہ کام شروع کرتی ہے اور چار، پانچ، چھ مہینے کے بعد اسمبلی میں یا آرڈیننس کی شکل میں یا بل کی شکل میں کوئی قانون لاتی ہے تو اس کو چار، پانچ مہینے کا اختیار آپ نے، اس اسمبلی نے کس حیثیت میں حکومت کو دیا؟ یہی میرا پوائنٹ ہے کہ یہ ان ایگزیکٹیو کو کس طرح کا اختیار آ گیا کہ ان کی مرضی سے وہ قانون بنائیں اس کو بائی پاس کرکے، اس Legislator کو بائی پاس کرکے آپ قانون بنائیں؟ تو جناب سپیکر، پھر ہمارا تو بنیادی کام ہی Legislation ہے۔ اگر ہم سے وہ اختیار بھی یہ چھین لیتے ہیں کہ وہ خود باہر سے بغیر کسی آرڈیننس، بغیر کسی بل کے، بغیر کسی قانون کے آج یہ کام شروع کر لیتے ہیں اور پھر چھ مہینے کے بعد کہتے ہیں کہ With effect from فلاں، تو یہ چھ مہینے پہلے

آپ نے جو کام کیا، تو اس Legislator کو، اس ہاؤس کو تو بائی پاس کر دیا، آرڈیننس بھی نہیں لائے، بل بھی نہیں لائے، کام بھی شروع کر دیا اور With effect from تو بنیادی میرا جو پوائنٹ تھا، وہ Retrospective effective تھا لیکن اب تو Unfortunately جو اس بل کا ٹائم ہے، وہ اسمبلی کا اجلاس بلانے سے پہلے ہی ختم ہو چکا ہے، یہ تو جیسے ہی آرڈیننس آیا اور میں نے اس میں 'Retrospective effect' دیکھا، اسلئے جناب سپیکر، خدارا اس ہاؤس کی Supremacy کا خیال رکھیں۔ آج اگر آپ ایگزیکٹیو کو یہ اختیار دینگے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اور دوسرا، یہ جو ایک آرڈیننس تھا، یہ لاء ریفارمز کمیٹی کو ریفر ہوا تھا، سلیکٹ کمیٹی کو نہیں تھا اور پی اے سی کی وجہ سے لاء ریفارمز کی میٹنگ نہ ہو سکی۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، میں بتاتا ہوں۔ There is a lot یعنی Hundred times difference between a Bill, ordinarily Bill is presented by either the Government or a private Member. اس میں یہ ہوتا ہے کہ وہ اس پر کام شروع نہیں کر سکتے، جب تک کہ وہ بل ایکٹ نہیں بن جاتا لیکن آرڈیننس کے تحت جو بل آتا ہے، اس پر آپ فوری کام اسی دن سے کام شروع کر سکتے ہیں۔ تو وہ جو آپ کے رولز میں لکھا ہے کہ جو بل ہے، وہ Lapse نہیں ہو گا۔ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ چونکہ اس پر کوئی کارروائی نہیں ہو رہی ہے، وہ تو ایک۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> .Okay, okay آرڈیننس 31 اکتوبر 2008 کو Promulgate ہوا ہے، آرٹیکل 128 میں واضح ہے۔۔۔۔۔

<u>Al-Haj Habib ur Rehman Tanoli (Minister for Revenue)</u>: Sir, it shall come into force at once and shall be deem to have taken effect on…..

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> یہی تو میں کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

<u>Minister for Revenue</u>: 7 October…..

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> یہ کونسا آپ پڑھ رہے ہیں۔

<u>وزیر مال:</u> یہ جو Land Laws آپ نے جو کہا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نہیں، میں Land Laws کو تو نہیں کر رہا ہوں، یہ تو ہاؤسنگ اتھارٹی ہے۔ (قہقہہ)

<u>جناب سپیکر:</u> وہ Land Laws نہیں ہیں۔ جی تنولی صاحب، بیٹھ جائیں۔ ابھی یہ دوبارہ مجھے Repeat کرنا ہے۔ آرڈیننس جو 31 اکتوبر 2008 کو Promulgate ہوا ہے اور آرٹیکل 128 واضح ہے،

From the date of promulgation سے تین مہینے گنے جائیں گے۔ اس سلسلے میں
Detailed ruling میں بعد میں دونگا لیکن ابھی اس کے تین مہینے 30 دسمبر 2008 کو پورے ہونگے۔
اس میں Detailed ruling میں بعد میں دونگا۔ Thank you, Abdul Akbar Khan.
The motion before the House……

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں نے تو میرٹ پر بات نہیں کی ہے، میں تو-----

جناب سپیکر: ابھی دوبارہ بات کریں گے؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، سر۔

جناب سپیکر: بسم اللہ، بسم اللہ پڑھیں۔

جناب عبدالاکبر خان: یہ تو صرف آپ نے رولنگ دے دی کہ یہ From the date of promulgation ہوگا-----

جناب سپیکر: ہو گی۔

جناب عبدالاکبر خان: With effect from جو ہوگا، وہ ختم ہوگا۔

جناب سپیکر: آپ اس پر بات کریں، ابھی بسم اللہ پڑھیں جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ جس طرح آپ نے کہا کہ یہ لاء ریفارمز کمیٹی کو دیا گیا ہے تو اس کی حیثیت تو ختم ہو گئی کیونکہ آج منسٹر دوبارہ اس کو Introduce کر رہے ہیں۔ آپ ذرا دیکھیں جی اس میں اس کے بعد لکھا ہے کہ "جناب وزیر ہاؤسنگ 'دی ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی پشاور آرڈیننس، 2008' کو ایوان میں پیش کریں گے"، یہ آرڈیننس جو ہمارے پاس ہے، یہ جو آپ نے ڈیٹ بتائی ہے، اسی ڈیٹ سے تو یہ آرڈیننس پیش کریں گے، اسلئے جو لاء ریفارمز کمیٹی کو ریفر ہوا ہے، وہ Infructuous ہو چکا ہے، ختم ہو چکا یا تو پھر یہ ہے کہ یہ آرڈیننس لاء ریفارمز کمیٹی کو دوبارہ ریفر ہو جب اس کا Consideration stage آجائے لیکن اس وقت آپ یہ ہاؤس بھول جائیں کہ وہ آرڈیننس جو بل کی شکل میں لاء ریفارمز کمیٹی کو سپرد ہوا تھا، وہ واپس نہیں آسکتا کیونکہ وہ فریش آرڈیننس یہاں پر ہاؤس میں لیکر آئے ہیں۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح پہلے اس نوعیت کا وہ آرڈیننس لاء ریفارمز کمیٹی کو بھیجا گیا ہے، اسلئے اگر آپ یہ آرڈیننس بھی اسی کمیٹی کو بھیج دیں، مطلب ہے کہ اگر آپ نے رپورٹ نہیں دی ہے تو چونکہ لاء ریفارمز کمیٹی تین مہینے سے-----

جناب سپیکر: ابھی Claim تو نہیں ہوئی نا۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، ابھی میرا مطلب ہے کہ اگر یہ لے کر آئیں گے تو یہ نیا آرڈیننس لے کر آئیں گے، پرانا والا تو ختم ہو چکا ہے۔ جب یہ نیا لیکر آئیں گے، تو اس کا مطلب ہے کہ پرانے کی حیثیت تو ختم ہو چکی۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ Disapproval کا Stage drop کر لیں؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور: ہم جی گورنمنٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ ہم اس کو لاء ریفارمز کمیٹی کو آپ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: Disapproval چه دے جی، No compromise on that اس کے اوپر ایوان سے رائے لی جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ کیا کر رہا ہے، آپ Disapproval پر آ جائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: زما مطلب دا دے چه که گورنمنټ که فریش بل لاء ریفارمز کمیټئ ته ورکولو باندے تیار وی نو زهٔ دا خپل Disapproval resolution واپس اخلم۔

جناب سپیکر: تهٔ ئے بیا واپس اخلے؟

جناب عبدالاکبر خان: او جی۔

جناب سپیکر: جی لاء منسټر صاحب څه وائی؟

وزیر قانون و پارلیمانی امور: مونږه خو دا غواړو جی چه خپل Legislative process چه کوم دے، دا مونږ Expedite کړو جی۔ کمیټئ ته که دا تلی دی، دا اوس هر یو بل چه مونږ کمیټئ ته دا سے لیږو جی، دا د ډیفنس هاؤسنگ آتهارټی چه کوم آرډیننس دے، دا خو د 2007 نه رارواں دے جی، زما خو دا گزارش دے جی چه دا ایوان خو به آخر Legislation هم کوی کنه، که زمونږه دغه شان یو ممبر صاحب راپاسی او دا هر څه کمیټئ ته ځی او بیا کمیټو کښے په میاشتو، میاشتو دغه شان پراته وی، نو دا خو جی مطلب دا دے چه We will have no progress at the end of the year. دا به څه کوؤ جی؟ مونږ خو دا وایو چه یره جی دا

Straightaway د ستخط شی، دا We will lay او زما دا گزارش دے چه کمیټئ ته د دا نه ځی جی۔

جناب سپیکر: نو Laying نه دے شوے، زۀ کمیټئ ته څه اولیږم؟ هغه خو بل څه Disapproval باندے وائی چه تاسو نوے بل راوړے نو زۀ په هغے ته زور نه ورکومه۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: یره جی مونږ به خپله کوؤ، دوئ به خپله کوی جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ایم پی اے صاحب خو جی، که ما ته اجازت وی نو جی---

جناب سپیکر: جی، جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اس میں سر، ایم پی اے صاحب نے تو یہ کہا ہے Conditionally کہ میں Disapproval کو واپس کرتا ہوں، اگر گورنمنٹ Agree کرتی ہے کہ اس کو بھی لاء ریفارمز کمیٹی کو بھیج دیں اور جہاں تک سر، منسٹر صاحب کا یہ کہنا ہے کہ Legislation ٹائم لے گا تو Legislation تو سر، سالوں بھی لے سکتی ہے کیونکہ یہ 'ڈیفنس ہاؤسنگ' ایک Parallel already آپ کی ہاؤسنگ اتھارٹی ہے اور ڈیفنس ہاؤسنگ اسی ایریا میں آپ اگر ایک Parallel لائیں گے تو اس کیلئے یقیناً ٹائم تو لگے گا اور دوسرا سر، لاء ریفارمز کمیٹی کو آپ Head کرتے ہیں، یہ تو پھر آپ کی ذات پر ایک قسم کا عدم اعتماد ہو گیا۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں ہم Busy تھے، ڈیڑھ مہینہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی چل رہی تھی تو-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، میں کہہ رہا ہوں کہ لاء ریفارمز کمیٹی کو انہوں نے ریفر کیا تھا، گورنمنٹ Agree تھی تو اس بار بھی وہ فراخدلی کا ثبوت دیں اور اس کو Defer کرا دے تاکہ یہ بدمزگی بھی ختم ہو جائے اور Division بھی نہیں آئے گی اور یہ Disapproval کا نوٹس بھی واپس لے لیں گے۔

جناب سپیکر: جی لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون وپارلیمانی امور: نه جی په Disapproval باندے که ووټنګ کوئ نو اوکړئ جی ځکه چه We will not agree to sending it in a -----

Mr. Speaker: The question is that the resolution moved by the Honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'yes'.

Voices: Yes.

Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.
Voices: No.

آوازیں: ووتنگ پرے اوکړئ۔

Mr.Speaker: Those who are in favour of it may stand up. Secretary to please count. Now those who are against it may stand up and Secretary to count.

(The motion was rejected)

(Applause)

Mr.Speaker: The resolution is dropped. The honourable Minister for Housing, NWFP to please lay on the table of the House the Defence Housing Authority Peshawar Ordinance, 2008. The Honourable Minister for Housing, please.

آرڈیننس کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

جناب امجد خان آفریدی (وزیر ہاوسنگ): شکریہ، سپیکر صاحب۔ ' دی ھاؤسنگ آتھارٹی پشاور آرډیننس مجریه 2008' په ایوان کښے پیش کوم۔

قرارداد

بابت استرداد گی اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور آرڈیننس مجریہ 2008

Mr. Speaker: It stands laid. Item No. 10. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his resolution regarding disapproval of Islamia College University Peshawar Ordinance, 2008, under rule 111 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Janab Speaker, I beg to move that this House disapproves the Islamia College University Peshawar Ordinance, 2008.

جناب سپیکر، میرے خیال میں اس پر تو گورنمنٹ ہم سے Agree کرچکی ہے اور میں Disapproval کی جو ریزولیوشن ہے، ایک طرح سے میں گورنمنٹ کی Approval سے لایا ہوں کہ جب یہ پچھلی دفعہ اسمبلی میں پیش ہوا تو آپ نے اس کو سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کیا اور سلیکٹ کمیٹی میں وہاں پر جو اسلامی یونیورسٹی کے لوگ تھے، منسٹر صاحب اس کو چیئر کر رہے تھے تو اس میں یہ فیصلہ ہوا اور Minutes بھی آپ کے سامنے ہیں کہ ہم اسلامیہ کالج یونیورسٹی کی بجائے Upgradation of Islamia College Bill اس اسمبلی میں لے آئیں، مطلب یہ ہے کہ جب گورنمنٹ، ایک تو میرا پہلا

پوائنٹ آف آرڈر جو ہے، یہ بھی اسی طرح ہے کیونکہ جون سے، ستمبر سے، یہ Indemnity مانگ رہے ہیں اور دوسرا جو سلیکٹ کمیٹی میں ہے کہ گورنمنٹ اس پر Agree کرچکی ہے، سارے ممبرز کے دستخط اس پر پڑے ہوئے ہیں کہ ہم بل لائیں گے، 'Upgradation of Islamia College' not 'University'، اس میں Upgradation of Islamia College ہے تو میرے خیال میں پھر تو اس آرڈیننس کو ختم ہونا چاہیئے۔

Mr. Speaker: Minister for Higher Education, please.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): شکریہ، جناب سپیکر۔ ہم نے نوٹس آپ کی خدمت میں اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروادی ہے سر۔ پچھلے سلیکٹ کمیٹی کو آپ نے کیس ریفر کیا تھا، اس میں کچھ ٹیکنیکل مسائل تھے جس کی وجہ سے ہم اس پر جس طریقے سے آپ کا حکم تھا، کام نہیں کرسکے لیکن سر، میں ابھی جو Disapproval کیلئے کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: عبدالاکبر خان صاحب، میں تعلیم کے حوالے سے یہ بات کرنا چاہتا ہوں، میں تین، چار باتیں کرنا چاہتا ہوں، اس پورے معزز ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ اسلامی یونیورسٹی کیلئے 'این۔او۔سی' ہمیں مل گیا ہے ہائیر ایجوکیشن کمیشن سے، جون 2008 سے یہ یونیورسٹی کام کر رہی ہے۔ اس کیلئے ہم نے وائس چانسلر صاحب کو Nominate کردیا ہے، وہ اپنا کام کر رہے ہیں اور سر، اتنی ڈیمانڈ ہے کہ پانچ ہزار ایک سو پچیس درخواستیں موصول ہوئی ہیں ایڈمیشن کیلئے اور دو ہزار بچے اور بچیاں اس میں پڑھ رہے ہیں۔ فرسٹ ڈویژنرز کو ہم جگہ نہ دے سکے، اتنا پریشر ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تو ادھر، میں معذرت کے ساتھ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ اس پر بات کرتے ہیں کہ Already۔۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، مجھے بات مکمل کرنے دیں، میں اس پہ آرہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، Already سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ آپ کو پیش کردی گئی ہے، اس کا آخری جو سیکشن ہے، آپ اس کو پڑھ لیں پھر اس کی ضرورت نہیں ہوگی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، جس آرڈیننس کے بارے میں عبدالاکبر خان بات کر رہے ہیں، اس کے بارے میں میں نے نوٹس جمع کردی ہے، وہ جب آئیگا تو اس پر بات کریں گے، ابھی جس آرڈیننس کی

Disapproval کیلئے یہاں یہ کہہ رہے ہیں، میں اس کے حوالے سے بات کر رہا ہوں۔ سب یونیورسٹیوں کو یہ بند کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ مان رہے ہیں، خود مان رہے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں بالکل نہیں مان رہا ہوں، یہ کہہ رہا ہوں کہ وہ جب آپ کے پاس آئیگی تو تب بات کریں گے۔ سر، ان کو کہیں کہ مجھے ڈسٹرب نہ کریں۔

جناب سپیکر: آپ ان کو ڈسٹرب نہ کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میرٹ کا یہ کیوں بھول رہے ہیں؟ Already انہوں نے دستخط کرکے رپورٹ آپ کو دی ہے۔

جناب سپیکر: کس نے؟

جناب عبدالاکبر خان: منسٹر صاحب نے۔ ایک تو سلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ ہے، وہ آپ کے سیکرٹریٹ کو دی گئی ہے، سارے ممبرز نے تقریباً اس پر دستخط کر دیے ہیں، اس کا آخری جو پیراگراف ہے، اس میں لکھا ہے کہ "All the Committee members agree. The Bill will be presented to the Provincial Assembly for the upgradation of Islamia College, تو بات ختم ہو گئی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، وہ جب آپ کے سامنے آئیگی تو بات کریں گے، اس سے پہلے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، کلیر کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اس ہاؤس میں جب نہیں ہو گی تو بات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ہاؤس میں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جب ہاؤس میں آئے گی تو اس وقت بات کریں گے اس پر۔ میں تو کہہ رہا ہوں کہ یہ کیوں بچوں کے مستقبل کے ساتھ مذاق کرنا چاہتے ہیں؟ روز اخباروں میں بات آتی ہے کہ یونیورسٹی غیر قانونی طور پر چل رہی ہے، سٹوڈنٹس اس میں پڑھ رہے ہیں، ابھی ان کے Exam آنے والے ہیں First terms کے اور ہم ادھر بیٹھ کر ان کا مستقبل برباد کرنا چاہتے ہیں؟ ہندوستان کی یونیورسٹیوں کی تعداد کو دیکھیں، کہاں پہنچ گئے ہیں وہ لوگ اور ہم اپنے پاس، اگر ڈیمانڈ نہ ہوتی، یہاں Mushroom growth ہے پرائیویٹ سیکٹر میں یونیورسٹیوں کی، آپ نہیں چاہتے کہ وہ بچے جو میرٹ پہ آتے ہیں،

Affordنہیں کر سکتے، انہیں ہم گورنمنٹ سیکٹر میں تعلیم دے سکیں اور سر، اب بھی میری یہ گزارش ہے کہ سارے قانون اور جتنی Technicalities ہیں پاکستان میں، کوئی بھی کیس ہوتا ہے، پہلے اس کی Technicalities پہ بات کرتے رہتے ہیں۔ تعلیم کے حوالے سے گزارش ہے کہ یہاں پہ آپ Technicalities پہ نہ جائیں، میری چھوٹی سی گزارش ہے، میں لاء کو اتنا نہیں سمجھتا لیکن مجھے بتائیں کہ آپ نے 'این۔آر۔او' پہ کتنے Irregularities exonerate کیے تھے، اگر آپ ادھر آرڈیننس کروا رہے ہیں کہ دس سال پہلے لوگوں کے خلاف جو کیسز تھے، وہ ڈراپ کروالیں؟ میری گزارش ہے کہ اس کو ڈراپ کیا جائے جو ان کی ریزولیوشن ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میں Personal explanation پر بول رہا ہوں۔ جناب سپیکر، منسٹر صاحب نے جو باتیں کیں کہ ہم نہیں چاہتے ہیں، آپ ایک یونیورسٹی بنانا چاہتے ہیں، میں کہتا ہوں کہ سو یونیورسٹیاں بنائیں لیکن جس جگہ پر ضرورت ہے، اس جگہ پر بنائیں، ایک اور دوسرا جناب سپیکر، انہوں نے یہ الزام لگایا کہ اخباروں میں آتا ہے کہ غیر قانونی ہو رہا ہے، اب جناب سپیکر، یہ جب خود کہتے ہیں، اس آرڈیننس میں یہ خود کہتے ہیں کہ "It Shall come into force at once and shall be deemed to have taken effect from 15th September 2008", تو مطلب ہے کہ جو پہلا آرڈیننس تھا 15 جون والا، وہ 15 ستمبر کو ختم ہو گیا تو یہ جناب سپیکر، نومبر میں، 15 ستمبر سے لیکر 4 نومبر، اس آرڈیننس میں میرے خیال میں 4 نومبر ہے، ہاں 4 نومبر ہے۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، میں گزارش کرتا ہوں کہ میں اس کا Effect دے رہا ہوں کہ 4 نومبر تک اس آرڈیننس میں ہے۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: میرے پاس 4 نومبر تک ٹائم ہے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میں Personal explanation پر، انہوں نے الزام لگایا ہے کہ ہم نے اخباروں میں دیا ہے کہ یہ غیر قانونی ہے۔۔۔۔

(شور)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں اس طرح نہیں کہتا، یہ بحث کرتا ہے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں ثابت کرتا ہوں، میں بہ بانگ دہل کہتا ہوں کہ ہاں، میں نے کہا ہے اور میں ثابت کرتا ہوں کہ جہاں آپ 15 ستمبر کو Effect دے رہے ہیں تو 4 نومبر سے 15 نومبر تک جو کاروائی اس یونیورسٹی کی ہوئی، وہ سارے غیر آئینی ہے اور غیر قانونی ہے۔ کوئی اس کو چیلنج کرتا ہے، کوئی کورٹ میں جاکر چیلنج کرتا ہے، میں اس کیلئے تیار ہوں۔

(تالیاں)

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب، عبدالاکبر خان چه کومه خبره کوی، حقیقت دا دے چه اسلامیه کالج په دے صوبه کښے او په پوره دنیا کښے یو حیثیت لری۔ یو خو سلیکټ کمیټئ د هغے فیصله کړے ده چه د دے اپ گریډیشن د اوشی او د یونیورسټئ ضرورت نه شته دے۔ اوس که تاسو یو سلیکټ کمیټی جوړه کړئ او هغه تاسو ته یو رپورټ درکړی او په هغے باندے عمل نه وی نو بیا خو د هاؤس توهین دے، د دے اسمبلئ توهین دے نو مقصد مے دا دے جی چه یو خو په هائر ایجوکیشن کښے هلته د ایم۔اے، ایم۔ایس۔سی کلاسونه په اسلامیه کالج کښے شته دے، زمونږ په دغه کښے دا نه راځی۔ زما په وخت کښے به ئے ډیر کوشش کوؤ، نثار خان د هغے پرنسپل وو، ما ته به راتلو۔ ما هغه واپس کړے وو چه د دے تاسو خپل حیثیت مه خرابوئ او مونږ که یونیورسټی جوړوؤ جی نو ماموں خټکی کښے ما باره سو کنال زمکه ورکړے ده چه ستاسو سره دلته کښے نزدے ده، د دریاب په غاړه باندے ده نو مونږ پلیز دا وایو چه د سلیکټ کمیټئ کوم رپورټ دے چه هغے باندے د عمل اوشی او بل دا اسلامیه کالج چه کوم دے، دا د په خپل شان باندے پاتے شی او د ایم۔اے، ایم۔ایس۔سی کلاسونه آل ریډی په هغے کښے شته دے۔

جناب سپیکر: بنه جی دا که په Consideration stage کښے وی نو بیا به په هغے باندے Raise کوؤ۔ اوس عبدالاکبر خان ستاسو د کمیټئ رپورټ مونږ ته نه دے Receive شوے-----

جناب عبدالاکبر خان: زمونږ نه ئے خو دستخط اغستے دے-----

(شور)

جناب عبدالاکبر خان: سر ، سلیکٹ کمیتی تا سو جوړه کړے ده ، دے هاؤس جوړه کړے ده ، هغے رپورټ ور کړے دے۔

جناب سپیکر: هغه مونږ ته نه دے ملاو۔

جناب عبدالاکبر خان: یره جی هغه تا سو ته نه دے راغلے ، زمونږ نه خو دستخط شوے دے ، مونږه خو پیش کړے دے-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس میں بھی ایک قانونی طریقہ ہے۔ ہم نے نوٹس دیا، جب وہ آئیگا تو اس پر بحث ہو گی۔ سر، عبدالاکبر خان سے گزارش ہے کہ بڑی مہربانی، اس تحریک کو واپس لے لیں۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، اسرار اللہ گنڈاپور۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس میں میری یہ گزارش ہے کہ میں بھی اور ثاقب خان اس کمیٹی کے ممبر تھے، وہاں پر قاضی صاحب ہمارے ساتھ مان بھی گئے تھے تو میری عبدالاکبر خان سے گزارش ہے کہ اس سے تلخی بڑھے گی، میری ان سے گزارش ہے کہ وہ واپس کر لیں۔ جو ان کا نکتہ تھا وہ ڈیٹ والا، اس کے متعلق آپ کی رولنگ ویسے بھی درکار ہو گی، وہ جب آئیگا، اسی وقت کلیر ہو جائیگا۔ اب اگر ووٹنگ دوبارہ ہو گی تو میرے خیال میں اس میں ہاؤس کا وقت خراب ہو گا اور دوسرا سلیکٹ کمیٹی نے اس میں Cooperate کیا ہے۔ اب نئے بل کو Introduce کرا رہے ہیں تو اس کو بھی واپس کر دیں گے۔

(تالیاں)

قرارداد بابت استرداد لینڈ لاز (ترمیم دوئم) آرڈیننس مجریہ 2008

Mr. Speaker: Item No. 11, Mr. Abdul Akber khan to please move his resolution regarding disapproval of the NWFP Land Laws (Second Amendment) Ordinance, 2008 under rule 111 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mr. Abdul Akbar khan, please.

Mr. Abdul Akber khan: Janab speaker, I beg to move that this Assembly disapproves the North-West Frontier Province Land Laws (Second Ammendment) Ordinance, 2008.

جناب سپیکر: جی، اس پر آپ-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، ابھی تک تو یہ Pending ہے لیکن اس کے ساتھ ان کو Extract لگانا چاہیئے تھا۔ یہ جو Amendment لا رہے ہیں، کس چیز پہ Amendment لا رہے ہیں؟ ہو سکتا ہے جب بل لائیں گے لیکن ابھی تو یہ Introduce بھی کرا رہے ہیں ہاؤس میں تو جناب سپیکر، اس میں بہت سی چیزیں ہیں۔ انہوں نے کمشنر کے Word کو Change کیا ہے، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو آپ Amendment لا رہے ہیں، کیا یہ Directly یا Indirectly لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کو Affect کرے گا یا نہیں؟ کیونکہ جناب سپیکر، وہ تو آرٹیکل 268 کے تحت چھٹے شیڈول میں Covered ہے اور لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں بغیر پریذیڈنٹ کے Consent آپ کوئی Amendments نہیں کر سکتے۔ اگر آپ دوسرے جو ڈسٹرکٹ آفیسرز ہیں، ان کی جگہ کمشنر کو ڈال رہے ہیں، ڈسٹرکٹ کی Provision کو Substitute کر رہے ہیں تو یہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس جو intact Already ہے تو کیا یہ اس کے ساتھ ٹکراو نہیں ہوگا اور اگر ہوگا تو کیا اس میں Amendment لائے بغیر اس میں Amendment کر سکیں گے۔

Mr. Speaker: Minister for Revenue, please.

جناب حبیب الرحمان تنولی (وزیر مال): میں نے اس کو پڑھا ہے، صرف کمشنر کے لفظ کا اضافہ ہو چکا ہے چونکہ کمشنر واپس آچکے ہیں، Revive ہو چکے ہیں، ان کو اس میں ڈالا گیا ہے۔ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں کوئی کسی قسم کی ترمیم، کوئی ایسی بات ہے تو اس میں میری یہ گزارش ہے، تو یہ Clear cut وہ ہے اور اس میں وہ دہرایا گیا ہے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں اس میں زیادہ ڈیٹیل میں نہیں جاتا، میں کبھی بھی Legislation میں حائل نہیں ہونا چاہتا لیکن کل اگر اس کی پرابلم ہو جناب سپیکر، یہ دیکھیں، In section 5, 5A,.6, 7, 8, 18B, 35, 39, 40, 41, 48 and 49 for the word Revenue Appellate Court, اب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ریونیو اپیلٹ کورٹ ہے کہ نہیں؟ اگر لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ریونیو اپیلٹ کورٹ ہے، اگر ریونیو اپیلٹ کورٹ لوکل گورنمنٹ کا حصہ ہے اور اگر آپ اس کو یہاں پر Change کر کے کمشنر لا رہے ہیں تو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ریونیو اپیلٹ کا Word ہوگا اور آپ کے جو Land Laws ہیں، ان میں یہاں پر یہ لفظ ہوگا۔ اسی طرح جناب سپیکر، دوسری جو Amendment ہے، جب ڈویژن کو ڈسٹرکٹس میں Change کرانا چاہتے ہیں جناب سپیکر، تو کیا لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں 'ڈسٹرکٹ' کا لفظ نہیں ہے؟ اگر وہاں پر 'ڈسٹرکٹ' کا

لفظ ہے، یہاں پر آپ 'ڈویژن' کا لفظ لا رہے ہیں، تو کیا یہ ایک دوسرے کے ساتھ تضاد نہیں ہوگا جناب سپیکر؟ یا وہ جو وہاں پر 'ڈی۔آر۔او' ہوتا ہے کہ کیا؟

<u>Mr. Speaker</u>: D.R.O.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: ڈی۔او۔آر، ان سب ناموں کو آپ Change کریں، کیا یہ نام لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں مذکور نہیں ہیں جناب سپیکر؟ اگر وہاں پر ڈی۔او۔آر لکھا ہے اور یہاں آپ کمشنر لکھیں گے تو کیا یہ ایک دوسرے کے متضاد نہیں ہوں گے جناب سپیکر؟ یہ کیا ہو رہا ہے، جناب سپیکر؟ آپ کی حکومت ہے، پریذیڈنٹ صاحب سے بات کریں، وہ آپ کو ایک منٹ میں یہ ترامیم لوکل گورنمنٹ میں کر کے دے دیں گے۔ کیوں اس طرح کر رہے ہیں کہ کمشنر کی پوسٹ کو Create کرنے کیلئے، کسی کو کمشنر لگانے کیلئے آپ ایک طرف لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں اور دوسری طرف ریونیو میں ایک طریقہ کار ہوگا اپیلٹ کورٹ کا، اگر وہاں پر ایک نام ہوگا اور یہاں پر کمشنر نام ہوگا تو آپ کو اپیلٹ کورٹ کیلئے کسی اور کو نامزد کرنا ہوگا جو اپیلیں سنے گا۔ وہ پتہ نہیں ریونیو سے ہوگا، پتہ نہیں کہاں سے ہوگا؟ وہاں پر آپ اسے وہ نام دیں گے، یہاں پر کمشنر نام دیں گے۔ وہاں پر وہ ڈسٹرکٹ ہوگا، یہاں پر آپ ڈویژن دیں گے تو یہ تو Confusion ہو جائیگی، جناب سپیکر۔

<u>وزیر مال</u>: جناب سپیکر، یہ جو کمشنر کا لفظ استعمال ہوا ہے، اس کا ڈسٹرکٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور جس طرح ممبر صاحب فرما رہے ہیں کہ اگرچہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے ہو اور اگر یہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سے نہ ہو تو یہ Presumption ہے کیونکہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا کمشنر سے کوئی تعلق نہیں ہے، یہ اپیلٹ کورٹ کے ساتھ ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: یہاں پر لکھا ہے کہ ڈسٹرکٹ ریونیو آفیسرز، It is not mentioned in the Local Government Ordinance. ان کاغذات میں انہوں نے لکھا ہے، میں نے نہیں لکھا ہے، جناب سپیکر۔

<u>وزیر مال</u>: جب یہ بات سامنے آئیگی تو اس وقت اس پر بحث کریں گے ڈیٹیل میں انشاءاللہ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: نہیں، میرے Disapproval کا مطلب یہ تھا کہ جناب سپیکر، اس کو واپس لیکر Proper طریقے سے ڈرافٹ کریں، Proper طریقے سے لائیں۔ ویسے کمشنر تو انہوں نے Already لگائے ہوئے ہیں، کمشنر تو اپنا فنکشن کر رہے ہیں۔ اگر اس طرح ہوا کہ کوئی کورٹ میں جائے کہ لوکل

گورنمنٹ آرڈیننس کے ساتھ اس کا تضاد ہے اور وہ بغیر اس کے نہیں ہو سکتا، اسلئے میری درخواست ہے جناب سپیکر، کہ اس کو واپس کر کے، اس کو فریش ڈرافٹ کر کے پھر لے آئیں۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، اگر ڈی۔آر۔او کو کمشنر بنانا چاہتے ہیں تو تمہیں کیا اعتراض ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ڈسٹرکٹ میں جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں وہاں پر ڈی۔آر۔او لکھا ہے، اگر وہاں پر ڈی۔آر۔او ہے اور یہاں پر کمشنر ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اگر Consideration سٹیج پر لے آئیں۔

جناب عبدالاکبر خان: غلط ہے تو Consideration Stage پہ کیوں لاتے ہیں، جناب سپیکر؟

جناب سپیکر: اگر یہ Stress کر رہے ہیں، تو ووٹ پر ڈالیں کہ کیا کریں؟

حاجی شیر اعظم خان وزیر (وزیر محنت): عبدالاکبر خان نے بالکل صحیح کہا ہے لیکن اس جگہ پہ یہ غلط کہہ رہا ہے، اس کو پتہ نہیں ہے۔ (تالیاں) میں کہتا ہوں کہ Land Tenancy ہے اور Land Tenancy 1967 کو گورنمنٹ نے نہیں چھیڑا، وہ تو صرف یہ کہتا ہے کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2000 جو ہے، اس کی Duration کو آپ چھیڑ رہے ہیں، اس کے ساتھ کوئی Link نہیں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: اس کا میں جواب دیتا ہوں۔۔۔۔۔

وزیر محنت: اس کا آپ جواب نہیں دے سکتے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ وہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہاں پہ یہ لکھا ہے کہ "The province to be divided in the division", یہ آپ کے صوبے کو ڈویژن میں Divide کرنا چاہتے ہیں۔ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں ڈسٹرکٹس ہیں، وہاں یہ ڈویژن نہیں ہے۔۔۔۔۔

وزیر محنت: ایکٹ میں سب ڈویژن ہیں، ڈویژن بھی ہیں، ڈسٹرکٹس بھی ہیں، تحصیل بھی ہیں، اس کو کسی نے نہیں چھیڑا ہے، نہ بڑا کیا ہے، نہ چھوٹا کیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: تو پھر کیوں Amendment لا رہے ہیں؟

وزیر محنت: سر، نام تبدیل ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا اور اگر کسی کو اعتراض ہے تو وہ خود چلا جائے عدالت میں، میں خود Defend کروں گا کورٹ میں، یہ خود چلا جائے۔ (تالیاں)

جناب عبدالاکبر خان: سر، Consideration Stage پہ آپ اجازت دیں گے اس کے ڈیٹیل میں جانے کی اور اس کے ساتھ Stickers لگائیں گے تاکہ یہ جس جس سیکشن میں Amendment لا

رہے ہیں تو ہمیں پتہ ہو کہ کس کس سکشن میں چینج کروا رہے ہیں اور کیوں کروا رہے ہیں؟ جب تک وہ سب Consideration Stage پر ہم لیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں سمجھتا ہوں، میں سمجھ گیا۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، دو باتوں کا اختلاف ہوا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ خالص سپیکر کو انہوں نے اجازت دی ہے۔ آئٹم نمبر 13۔

جناب عبدالاکبر: جناب سپیکر، میں اس پہ لمبا چوڑا نہیں بولونگا، اس پر اس چیئر کی رولنگ پڑی ہوئی ہے۔ جب یہ گزشتہ اجلاس میں پیش کیا گیا اور یہاں پہ اس کی ریکوزیشن ہوئی تو یہاں پر چیئر نے رولنگ دی تھی کہ یہ آپ کے منسٹرز کی سیلریز کا جو بل ہے اور ایم۔پی۔اے کی سیلریز کا جو بل ہے، یہ Combined اس ہاؤس میں پیش کیا جائے۔ (تالیاں) Already اس پہ رولنگ آ چکی ہے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی ضرورت نہیں ہے۔ جب وہ آئیں گے تو آکٹھے یہ بل لے آئیں گے، ہم سپورٹ کریں گے۔

(شور)

جناب سپیکر: ٹھیک شوہ۔ (تالیاں) ٹھیک شوہ جی، دا ہم د ھغے سرہ نتھی کڑہ، د ایم پی اے سرہ دا ہم لف کڑئ۔ keep pending till MPAs Bill comes. Item No.15. Item No…..

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کونسا؟

جناب عبدالاکبر خان: یہ سیلریز والا۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Kept pending, kept pending.

جناب عبدالاکبر خان: ہاں ٹھیک ہے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میں سمجھا ہوں، وہ پہلا والا قصہ تو Kept pending ہے۔ پہلی رولنگ آپ نے یاد دلائی تو پھر تو Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his resolution regarding disapproval of the Code of Criminal Pocedure, 1898; NWFP, Provincial Motor Vehicle Ordinance, 1965; West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960; and Police Order 2002 (2nd Amendment) Ordinance, 2008. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan:. I beg to move that this House disapproves the Code of Criminal Procedure, 1988; NWFP Provincial Motor Vehicle Ordinance, 1965; West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance, 1960 and Police Order (Second Amendment) Ordinance 2008.

جناب سپیکر، آپ اس میں دیکھیں، میں صرف حکومت کیلئے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جوڈیشری سے کچھ ایگزیکٹیو پاور لینا چاہتے ہیں، وہ تو خیر ان کا معاملہ ہے اور جوڈیشری کا معاملہ ہے، اس پر تو ہم اس وقت ڈسکشن نہیں کرتے لیکن جناب سپیکر، اگر آپ دیکھیں کہ "The following officers of the Provincial Government are empowered to exercise the judicial powers in respect of…..

(قطع کلامیاں)

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ منسٹرز صاحبان کو ذرا۔۔۔۔

جناب سپیکر: ذرا پلیز سیریس ہو جائیں، پلیز سیریس ہو جائیں۔ پلیز جی، عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: بشیر خان، آپ ذرا اس کو غور سے سنیں، "The following officers of the Provincial Government are empowered to exercise the judicial powers in respect of the sections of laws and rule made their under noted in the column 2 as follow"، اب جناب سپیکر، آپ نیچے دیکھیں، 'District Coordination Officers (D C O)' اس کو آپ نے sections 107 to 112, sections 127 to 143, sections 145, 146, 174 and 176 of the Code of the Criminal Procedure 1988, Act V of the 1898, اب جناب سپیکر، تقریباً ہمارے علاقوں میں زیادہ کیسیز 107 کے آتے ہیں کورٹس میں، چلیں ہم مانتے ہیں کہ آپ اسی پراونشل گورنمنٹ کے آفیسرز کو دے رہے ہیں، Delegate کر رہے ہیں لیکن اگر آپ ڈی۔ سی۔ او کو یہ فنکشن دے دیں یا پاور دے دیں گے، تو ڈی۔ سی۔ او تو Already اتنا Overloaded ہے، اس کا آفس Aready اتنا Overloaded ہے کیونکہ وہ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر ہے سارے ڈسٹرکٹ کا، اگر وہ 107 کی ضمانتیں بھی کرنے لگے گا، اگر 109 کی ضمانتیں بھی کرنے لگے گا، اگر دیکھیں یہ کتنی سیکشنز ہیں، 107 to 112, 127 to 143, 145, 146 and 147، اب جناب سپیکر، اتنے جو بوجھ آپ ڈی۔ سی۔ او پر ایکسٹرا ڈالیں گے، آج تو جناب سپیکر، ایک ایک ڈسٹرکٹ میں ایک تھانے کے اوپر ایک ایک جوڈیشل مجسٹریٹ بیٹھا ہوا ہے، اب وہ سارا پاور اس ڈی۔ سی۔ او صاحب کے پاس آ جائے گا۔ اس کے پاس

وقت نہیں ہوگا کہ وہ لوگوں کی ضمانتیں کر سکے۔ میں آپ کے ساتھ Agree کرتا ہوں کہ لوگوں کو کافی تکلیف ہے، ایگزیکٹیو کچھ ہونا چاہیئے لیکن اس کیلئے آپ یا کوئی مجسٹریٹ یا اس کا نام کچھ Chang کر لیں، کچھ لوگ بھرتی کریں تاکہ یہ فنکشن اگر آپ ان کو دینا چاہتے ہیں تو کم از کم اس میں آسانی ہوگی، عوام کو بھی آسانی ہوگی، لوگوں کو بھی آسانی ہوگی اور آپ کو بھی آسانی ہوگی بجائے Litigation پہ آنے کی۔

Mr. Speaker: Minister for Law, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): درخواست ہے عبدالاکبر خان صاحب سے کہ Notice of disapproval پہ جو ٹیکنیکل پرابلمز ہیں یا کوئی ٹیکنیکل ان کی کوئی objections ہیں، وہ Raise کریں Rather than going into the merit of legislation جو Consideration Stage کے اوپر ہماری گزارش ہوگی کہ That is the appropriate time, consideration کے وقت جو بھی ان کے تحفظات ہیں، وہ کریں۔ اس وقت یعنی Notice of disapproval کے اوپر We do not like to go to the merit of the legislation.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، عبدالاکبر خان کا مائیک آن کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: Code of criminal procedure (C.R P.C) میں اگر وہاں پہ فیڈرل اسمبلی کی کوئی legislation ہے، تو یہ تو Concurrent List پہ ہے، تو اگر وہاں پہ legislation فیڈرل گورنمنٹ کی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہے ان کی، تو کیا یہ اسمبلی Empowered ہے کہ وہ آئین کے تحت اس Legislation کو Overrule کرکے اپنی Legislation لا سکتی ہے؟

جناب سپیکر: 'Concurrent List' کی بات کر رہے ہیں کہ اس پہ آپ لا سکتے ہیں؟ صرف یہی جواب چاہیئے۔ لاء منسٹر کا مائیک آن کریں، سٹارٹ ہو گیا جی۔

وزیر قانون: ویسے میں نے گزارش کی کہ یہ تمام باتیں جو ہیں، یہ Consideration Stage کے اوپر ہیں۔ جس وقت یہ Legislation لائی جا رہی ہے، اسی وقت یہ سارے ان کی، یہ پہلے بھی ہم نے ہاؤس میں جواب دیا ہے، یہ Repeat ہوا ہے، ریکارڈ پہ ہے۔ Already اس کے اوپر بشیر بلور صاحب نے جواب دیا ہوا ہے جی۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Then the Act of Majlis-e-Shoora, whether passed….

جناب سپیکر: یہ Page نمبر بتائیں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، Page تو میری کتاب میں ہے 77 اور آئین کا آرٹیکل 143 ہے۔

جناب سپیکر: میں تھوڑا سا یہ بتادوں کہ آج جمعہ کی نماز ڈیڑھ بجے ہوگی۔ تھوڑا سا کام رہتا ہے، تو یہ Complete کرنے کی بعد ڈیڑھ بجے نماز ہوگی۔

Mr. Abdul Akbar Khan: Okay, Sir. "If any provision of an Act of a Provincial Assembly is repugnant to any provision of an Act of Majlis-e-Shoora which Majlis-e-shoora is competent to enact, or to any provision of any existing law, with respect to any of the matters enumerated in the Concurrent Legislative List, then the Act of Majlis-e-Shoora, whether passed before or after the Act of the Provincial Assembly, or, as the case may be, the existing law, shall prevail and the Act of the Provincial Assembly shall, to the extent of the repugnancy, be void".

آپ اگر اس قانون کو پاس کریں گے اور وہ اس قانون کے Against ہوگا تو یہ آپ کا قانون ختم ہو جائے گا اور وہ قانون Prevail کرے گا، اسلئے جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب سے بار بار اس کی میرٹ، یہ میرٹ نہیں ہے سر، کیا یہ میں میرٹ پہ نہیں بول رہا ہوں کہ آپ آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں؟ اگر وہاں پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہے اور آپ ڈی سی او کو دیتے ہیں تو آپ یہ غلط نہیں کر رہے ہیں؟ آپ فیڈرل لاء کے Against نہیں جارہے ہیں؟ کیا آرٹیکل 143 کو Violate نہیں کر رہے ہیں؟ دیکھیں میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں اس پہ بار بار، میں نے اس ایکٹ پہ ووٹنگ کی تحریک میں نے Withdraw کر دی۔ جہاں پہ مجھے پتہ لگا کہ حکومت Is serious, اب اگر حکومت ان چیزوں کو دیکھنا چاہتی ہے اور اس کو دیکھتی ہے اور اگر یہ فریش بل لاتی ہے تو میں نے تو کہل کہ ہمیں تو اعتراض نہیں ہے کہ لوگوں کو آسانی پیدا ہو لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم ایسا ایکٹ پاس کر لیں جو کل ہمارے گلے میں پڑ جائے۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: کول غواړی ووټنګ پرے، او کړئ جی۔ ووټنګ پرے او کړئ جی۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔

وزیر قانون: ووټنګ پرے او کړئ جی۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان، Consideration Stage میں پھر یہ-----

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں اس ریزولیوشن کے حق میں یا مخالف ووٹ پر Stress کروں گا کہ آپ اس کو ووٹ کیلئے ڈالیں۔

Mr. Speaker: The question is that the resolution as moved by the Honourable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.

Voices: No.

Mr. Speaker: Those who are in favour of it may stand up and Secretary to count.

(Pandemonium)

Mr. Speaker: in favour 31.

(Pandemonium)

Mr. Speaker: Yes 21. Now those who are against it may stand up.

(The motion was rejected)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The resolution is dropped.

Item No.16. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move his resolution regarding disapproval of the NWFP Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking-over) Ordinance, 2008, under rule 111of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Mr .Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Janab Speaker, I beg to move that the North-West Frontier Province Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking Over) Ordinance, 2008 may be disapproved.

جناب سپیکر، یہ آرڈیننس بیشک ایک اچھا آرڈیننس ہے لیکن جناب سپیکر، جو پروسیجر Adopt کیا گیا ہے، مجھے اس پر انتہائی اعتراض ہے۔ اگر یہ آرڈیننس جو 30 اکتوبر کو Promulgate ہوا ہے، اگر اس آرڈیننس کو ہاؤس میں اب منسٹر صاحب پیش کریں گے تو جناب سپیکر، پھر رولز کے تحت آپ ہمارے لئے یہ بل کی Form میں لائیں گے، پھر بل کی Form کے بعد آپ ہمارے لئے اس میں Amendments کیلئے دو تین دن دیں گے اور اس Amendment کے بعد پھر آپ Consideration stage اور Passage stage پہ جائیں گے لیکن یہاں پر جو ایجنڈا دیا گیا ہے، اس پر یہ تینوں Stages ڈالے گئے ہیں تو جناب سپیکر، اگر آپ اس بل کو Consider کرتے ہیں تو جناب سپیکر، پھر یہ نیا آرڈیننس کیوں لا رہے

ہیں؟ تواسلئے میری درخواست ہے، میں اس Disapproval resolution کی وہ نہیں کروں گا لیکن ہمیں موقع دے دیں تاکہ ہم اس میں Amendments لا سکیں اور اس پر بحث کر سکیں۔

جناب سپیکر: یہ میرے خیال میں بل میں آ گے آ رہا ہے، 18 اور 19 میں آپ دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، یہ نہیں ہے۔ اگر ہوتا تو پھر یہ نیا کیوں لایا گیا ہے؟

Mr. Speaker: It is already introduced on 29th …….

جناب عبدالاکبر خان: سر، پھر یہ کیوں لایا گیا؟۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ پہلے۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، پھر یہ نیا کیوں لایا گیا ہے؟

جناب سپیکر: یہ بل کی شکل میں پینڈنگ تھا اسمبلی میں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، تو پھر ہمارے پاس کیوں لایا؟ آج تو یہ آرڈیننس Lay کر رہے ہیں، یہ آرڈیننس پیش کر رہے ہیں لیکن یہ تو اس آرڈیننس کو تو پیش نہیں کر رہے، یہ نئے آرڈیننس کو پیش کر رہے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ شاید دوسرا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، یہ وہی ہے۔ یہ وہی آرڈیننس ہے جس کی لائف ختم ہو چکی اور گورنمنٹ نے Re-promulgate کر دیا، آپ کی اسمبلی میں واپس آیا تو 30 اکتوبر کو تو اسمبلی نہیں تھی، 30 اکتوبر سے آج تک تو اسمبلی کا سیشن نہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، ان میں ایک Withdraw کریں گے بعد میں۔

جناب عبدالاکبر خان: سر!

جناب سپیکر: ایک کو Withdraw کریں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: میرا مقصد سر، یہ ہے، یہ بعد کی بات نہیں ہے سر، وہ تو ختم ہو چکا۔ جب نیا آرڈیننس آیا تو وہ ختم ہو چکا، میرا مقصد صرف یہ ہے کہ میں اس ریزولیوشن پر اس طرح زور نہیں دیتا لیکن آج یہ جس طرح اور منسٹر زصاحبان نے Introduce کیا، آج Lay کر لیں، پھر Consideration stage اور Passage stage کیلئے جس طرح آپ کے رولز میں ہے، اس کے مطابق اس پر عملدرآمد کریں۔

جناب سپیکر: اگر آپ Disapproval پہ زور نہیں دیتے تو میں ابھی اس طرف چلا جاتا ہوں۔

جناب عبدالاکبر خان: گورنمنٹ سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: From Government, یره (وزراء سے) آپ باتیں کم کریں، ذرا سیریس ہو جائیں، لیجسلیشن ہو رہی ہے۔ اگر اسمبلی کی کارروائی کو آپ Seriously نہیں لیتے تو پھر تو یہ بڑی زیادتی ہے۔ جی، منسٹر صاحب۔

سید احمد حسین شاہ (وزیر صنعت و حرفت): جناب سپیکر صاحب، دا نوټیفکیشن شوے وو او دا 18 اکتوبر 2001 کښے ډی جی ایم ۔ایم وجود کښے راغلے وو او د ایس۔ډی۔اے څه کسان دے ته راغلے وو۔ د دے خلقو دغه مسئله ده نو زما عبدالاکبر خان ته هم درخواست دے چه په دے باندے ډیر زور نه ورکوی۔ ټولو د خلقو-----

جناب عبدالاکبر خان: دا Passage او Consideration ئے مه کوئ، لیټ د کوی مونږ ته چه د Amendment موقع را شی۔ یوه ورځ را کوئ، دوه ورځے را کوئ، مونږه پکښے Amendment به او کړو۔

وزیر صنعت و حرفت: دے ملازمینو دغه مسئله ده او زۀ دا استدعا کوم چه پاس شی۔ دا بل پاس کول پکار دی جی۔ که ووټنګ پرے اوشی جی، دا پاس کول غواړی کنه۔ ووټنګ د پرے اوشی جی۔

جناب سپیکر: نه هغه بیل بل دے او دا بیل دے------

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نہ Disapproval تو آپ کا آرڈیننس پہ ہے نا، Consideration تو آپ کے بل کر رہے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جو گزشتہ آرڈیننس تھا، وہ اس اسمبلی میں پیش ہوا تھا بل کی شکل میں، وہ پاس نہیں ہوا۔ In the meantime اس آرڈیننس کا ٹائم ختم ہو گیا تو حکومت نے 30 اکتوبر کو ایک نیا آرڈیننس نکالا اور 30 اکتوبر والے آرڈیننس کو آج حکومت اس اسمبلی میں پیش کر رہی ہے۔ سر، آپ دیکھیں نا جو ہمیں ایجنڈے میں دیا گیا ہے، وہ 30 اکتوبر کا آرڈیننس ہمیں دیا گیا ہے۔

آرڈیننس کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، میں منسٹر صاحب سے کہتا ہوں کو وہ Lay کریں۔ Item No. 17, the Honourable Minister for Industries NWFP to please lay on the table

of the House the NWFP Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking over) Ordinance, 2008, Minister Industries, please.

Minister for Industries: Mr. Speaker, Sir, I beg to lay on the table of the House that NWFP Sarhad Development Authority Mineral Wing (Taking over) Ordinance, 2008.

Mr. Speaker: It stands laid.

جناب غلام محمد: جناب، میں اس میں Amendment لانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ Consideration stage پہ آپ لے آئیں نا پھر۔ یہ Consideration stage پہ پھر آپ لے آئیں گے، ابھی اس پہ بحث نہیں ہو سکتی۔ اس وقت موقع نہیں، یہ Laying ہو رہی ہے۔ Amendment لے آئیں۔

جناب غلام محمد: یہ ابھی جب پیش ہو رہا ہے تو Amendment کو لیا جائے۔

جناب سپیکر: Consideration stage پہ غلام محمد صاحب، وہ آپ کو بہترین موقع ملے گا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں۔۔۔۔

نکتہ اعتراض

جناب سپیکر: یہ میں نے ایک رولنگ Reserve کی تھی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب، اگر آپ توجہ دے دیں تھوڑا تو میں آپ کو اپنی رولنگ سنا دوں۔

On 18th August, 2008, Mr. Israrullah Gandapur, MPA, raised a point of order contending that the copies of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan, provided by the Assembly Secretariat contain Article 270(A) regarding proclamation or emergency under which all orders etc of the President and Chief of Army Staff have been validated. He during the course of discussion referred to the oath of the Members taken on the first day of the Assembly which envisages "And that I will preserve, protect and defend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan". He said, the Article 270(A) was not validly included in the Constitution which invalidate the oath taken by the Members on the first day when this Assembly came into being and as such the entire proceedings since then were either unconstitutional or the Members were required to taken fresh oath in view of the Constitution circulated by this Secretariat. Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, also supported the contention of the Honourable Member, adding that there is a proper

procedure of amending the Constitution as envisaged in Articles 238 and 239. Since the amendments have not been approved by the Parliament, hence it can not form part of the Constitution. I would like to clarify the background of Article 270(A) in a greater detail. This Article alongwith certain other Articles of the Constitution were touched by the Presidents Order No. 5 of 2007, published in the Gazette of Pakistan on November 20, 2007. This publication says that:

(2) Whereas pursuant to the proclamation of emergency of third day of November, 2007, the Chief of Army Staff has promulgated the Provisional Constitution Order No. 1 of 2007 by virtue of which the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan has been placed in abeyance and whereas the said Provisional Constitution Order provides that the President may form time to time amend the Constitution as is deemed expedient and whereas it is expedient to amend the Constitution. So, all the amendments inclusive of Article 270(A) were made by the President in the Constitution in view of the Order referred to above. I would also like to refer the clause (3) of article 270.AA, which provides;

(3) All Proclamations, President's Orders, Ordinances, Chief of Army Staff Orders, laws, regulations enactments (including amendments in the Constitution), notifications, rules, orders or by-laws in force immediately before the date on which the proclamation of emergency of the third day of November, 2007 is revoked, shall continue in force until altered, repealed or amended by the competent authority.

Explanation.- In this clause, 'competent authority' means,-

(a) in respect of President's Orders, Ordinances, Chief Executive's Orders and enactments (including amendments in the Constitution), the appropriate Legislature; and

(b) in respect of notifications, rules, orders and by-laws, the authority in which the power to make, alter, repeal or amend the same vests under the law.

In view of explanation referred to above, Parliament is the proper forum to amend the Article in question. However, the question of constitutionality and unconstitutionality of Article 270AA and its insertion in the Constitution is concerned, the Provincial Assembly can not intervene and as such it is not within

the cognizance with the chair. However, I would also like to make it clear that the contents of the 'Oath of Members' as provided under Article 65, read with Article 127 of the Constitution has not been changed, altered or amended or even touched in Article 270AA. Therefore, the question of unconstitutionality of the oath does not arise. The point of order is hereby ruled out of order. Thank you.

The sitting is adjourned till 10.00 a.m of Monday morning, 22nd of December, 2008. Thank you very much.

(اسمبلی کا اجلاس مورخہ 22 دسمبر 2008 بروز پیر صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

ضمیمہ (الف)

تفصیل بابت سوال نمبر 108 جز(ج) وسوال نمبر 119 جز(د) (ii)

(1) کے۔پی۔او(BPS.11)

1-طارق عزیز ولد امیر واحد، گاؤں وڑا کخانہ کوٹیگرام، تحصیل آدیزئی، ضلع دیر(پائین)۔

2-یاسر عرفات ولد محمد صادق، گاؤں کلپانی، ڈاکخانہ زیارت تالاش، تحصیل تیمرگرہ، ضلع دیر(پائین)۔

3-ساجد خان ولد دوست محمد خان، گاؤں حاجی آباد، ڈاکخانہ چکدرہ، تحصیل آدیزئی، ضلع دیر(پائین)۔

(2) پیش امام(BPS-09)

حسین شاہ ولد فقیر محمد، ساکن چارمنگو معیار، تحصیل ثمر باغ، ضلع دیر(پائین)۔

(3)ڈرائیور(BPS-05)

1-لعل محمد ولد غلام محمد، محلہ بختہ، گاؤں تھانہ، تحصیل بٹ خیلہ، ملاکنڈ ایجنسی۔

(4)چوکیدار(BPS-02)

1-گل محمد ولد منشی خان، گاؤں عنوانو کنڈاو(ملاکنڈ)، تحصیل بٹ خیلہ، ملاکنڈ ایجنسی۔

2-سردار محمد ولد شیر بہادر، محلہ گڑھی، ڈاکخانہ چکدرہ، تحصیل آدیزئی، ضلع دیر(پائین)۔

3-عالمزیب ولد گل محمم، دمحلہ لعل کالونی، ڈاکخانہ تھانہ، تحصیل بٹ خیلہ، ملاکنڈ ایجنسی۔

(5)نائب قاصد(BPS-02)

1-الطاف حسین ولد عبدالخالق، محلہ گڑھی چکدرہ، تحصیل آدیزئی، ضلع دیر پائین۔

(6)خاکروب(BPS-02)

1-غلام محمود ولد فاتح محمود، گاؤں سہ صدہ، ڈاکخانہ چکدرہ، تحصیل آدیزئی، ضلع دیر(پائین)۔

ضمیمہ(ب)

تفصیل بابت سوال نمبر121جز:(ج)

Sr. No.	Particular	Balance for 2002-3	Balance for 2003-4	Balance for 2004-5	Balance 2005-6
1	OpeningBalance(Inclulding TDR'S)		3,10,31,881	3,95,27,058.74	3,09,69,5
	Share Received 1.Cash				
	From BISE, Swat 2.TDR,S	1,20,74,860	…………	…………….	……….
		2,62,00.000	…………	…………….	……….
	Receipts				18,9
		10,32,948	2,69,72,769.45	3,02,20,915.29	3,07,60,2
	Total	3,93,07,808	5,80,04,650.45	6,97,47,974.03	6,36,23,7
	Expenditure				
	1. Developmental	63,85,104	13,63,026	1,79,66,010	2,17,38,8
	2. Current	18,90,823	1,71,14,565.71	2,08,12,453	2,10,20,7
	Closing Balance (Including TDR,s)	3,10,31,881	3,95,27,058.74	3,09,69,511.03	2,08,64,1